© rasailojaraid.com



ہے۔

ڈاکٹر گل رحیم کی کاوش اچھی ہے مگر انتخاب میں عہد حاضر کے تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے موثر ابلاغ کے لیے عام فہم زبان اپنانے کی کوشش کی جانی چاہیے۔ کمپوزنگ اور طباعت کا معیار بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ (امجد عباسی)

## مطبوعات موصولہ

☆ **قرآن کریم کا اسلوب اور اعجاز**، پروفیسر نثار احمد فاروقی۔ ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن، نئی دہلی۔ صفحات: ۲۰۔ قیمت: ۶ روپے۔ [بمبئی یونی ورسٹی کے ایک سیمی نار کی تقریر، بہ قول مقرر، قرآن کریم: "نہ نظم ہے، نہ نثر، اس کا اپنا ہی اسلوب ہے۔ اس انداز و اسلوب کی کوئی کتاب نہ اس سے پہلے موجود تھی نہ آج ہے، نہ کل ہو سکے گی"۔ حوالوں کے ساتھ، ایک عالمانہ تقریر]۔

☆ **حدیث رمضان**، پروفیسر میاں محمد یوسف سجاد۔ ناشر: ادارہ تعلیمات اسلامی، گوہد پورہ، سیالکوٹ۔ صفحات: ۳۶۔ قیمت: "دعاے شفا براے مریض اہتمام کنندگان"۔ [روزوں سے متعلق جملہ مسائل، آسان زبان میں]۔

☆ **نذر وطن**، سید انجم جعفری۔ ناشر: احباب کمیونی کیشنز، ۷۰ بی شمع پلازا، فیروز پور روڈ، لاہور۔ صفحات: ۱۵۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایک کہنہ مشق، خوش فکر اور دین دار شاعر کی قومی، ملی اور وطنی نظموں کا پر تاثیر مجموعہ۔ پیش لفظ از پروفیسر محمد منور]۔

☆ **اسوہ صحابہؓ**، محمد اسلام عمری۔ ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۱۷۸۱، حوض سوئی والان، دہلی۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [اصل موضوع ہے: گھریلو اور سماجی تعلقات۔ چھوٹوں بڑوں کے حقوق، ایثار، امانت، عبادت، تعزیت، شادی بیاہ، مہمان نوازی، اپنا کام خود کرنا، احتیاط اور احتساب وغیرہ، یعنی زندگی کے اسلامی آداب]۔

☆ **تحفتہ الشباب**، حافظ نثار احمد اعوان۔ ناشر: کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ، راولپنڈی۔ صفحات: ۱۴۸۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [نئی نسل کی بے راہ روی، گمراہی، مغرب کی اندھی تقلید اور گوناگوں بے اعتدالیوں، ان کے اسباب اور ان کا علاج --- سیدھے سادے مگر دردمندانہ لب و لہجے میں ایک دلچسپ کتاب]۔

☆ **مستند مجموعہ وظائف**، مرتبین: اساتذہ بیت العلم۔ ناشر: زمزم پبلشرز، جنید مینشن نزد پاکستانی چوک، کراچی ۱۔ صفحات: ۴۵۱۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ ["سنت کے خلاف یا من گھڑت وظیفوں کے بجاے قرآنی دعاؤں اور وظائف و احادیث کا مجموعہ" ۔کم قیمت پر، ایک مفید کتاب]۔

---

© rasailojaraid.com